فتنۂ قادیانیت کے محاسبہ پر مبنی اولین تاریخی و تحقیقی دستاویز



ردِّ قادیانیت اور سُنّی صحافت

جلد اول

[ہفت روزہ سراج الاخبار، جہلم (۱۸۸۵ - ۱۹۱۷ء) کی فائلز سے]



تحقیق و تالیف

محمد ثاقب رضا قادری

اے نظم رسالت کے چمکتے ہوئے مقطع
تُو نے ہی اسے مطلع انوار بنایا

(حسن بریلوی)

تفصیلات

کتاب	:	ردقادیانیت اور سُنّی صحافت (جلد اول) [سراج الاخبار کی فائلز سے]
مولف	:	محمد ثاقب رضا قادری (0331-0472880)
صفحات	:	736
تعداد	:	1100
سن اشاعت	:	2014ء
ہدیہ	:	
ناشر	:	مکتبۂ اعلیٰ حضرت-پاکستان

ملنے کا پتہ:

۱۔مسلم کتابوی، دربار مارکیٹ، لاہور (پاکستان)

۲۔مکتبۂ غوثیہ، پرانی سبزی منڈی، کراچی (پاکستان)

۳۔ضیاء القرآن، (لاہور، کراچی)

ہو ہذا

فہرست عقائد مرزا قادیانی

مشمولہ مسل فوجداری بعدالت رائے چندولال صاحب

مجسٹریٹ درجہ اول گورداسپور

مولوی محمد کرم الدین ساکن بھیں مستغیث

بنام

مرزا غلام احمد و حکیم فضل دین ساکن قادیان

۵۰۰/۵۰۱ تعزیرات ہند

نمبر	عقائد مرزا غلام احمد قادیانی	مستغیث کا جواب
۱	حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں	عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں
۲	حضرت عیسیٰ علیہ السلام صلیب پر چڑھائے گئے تھے اور غشی کی حالت میں زندہ ہی اُتارے گئے تھے۔	نہیں
۳	حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر مع جسم عنصری نہیں گئے۔	گئے
۴	حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نہیں اُتریں گے اور نہ کسی قوم سے وہ لڑائی کریں گے۔	آسمان سے اُتریں گے اگر لڑائی کی ضرورت ہوگی تو لڑائی کریں گے اگر امن کا زمانہ ہوگا تو نہیں کریں گے۔

۵	ایسا مہدی کوئی نہیں ہوگا جو دنیا میں آ کر عیسائیوں اور دوسرے مذاہب والوں سے جنگ کرے گا اور غیر اسلامی اقوام کو قتل کر کے اسلام کو غلبہ دے گا۔	مہدی علیہ السلام آئیں گے اور ایسے زمانہ میں آئیں گے جب بد امنی اور فساد دنیا میں پھیلا ہوا ہوگا، فسادیوں کو مٹا کر امن قائم کر دیں گے۔
٦	اس زمانہ میں جہاد کرنا یعنی اسلام پھیلانے کے لیے لڑائی کرنا بالکل حرام ہے۔	اس زمانہ میں برٹش انڈیا میں جہاد کرنا حرام ہے۔
۷	یہ بالکل غلط ہے کہ مسیح موعود آ کر صلیبوں کو توڑتا اور سُوروں کو مارتا پھرے گا۔	یہ مسئلہ بحث طلب ہے۔
۸	میں مرزا غلام احمد مسیح موعود و مہدی موعود اور امام زمان اور مجدد وقت اور ظلی طور پر رسول اور نبی اللہ ہوں اور مجھ پر خدا کی وحی نازل ہوتی ہے۔	میں نہیں مانتا۔
۹	مسیح موعود اس امت کے تمام گذشتہ اولیاء سے افضل ہے۔	مرزا صاحب مسیح موعود نہیں اور نہ وہ کسی سے افضل ہے۔
۱۰	مسیح موعود میں خدا نے تمام انبیاء کے صفات اور فضائل جمع کر دیے ہیں	مرزا صاحب نہ مسیح موعود ہیں اور نہ ان میں اوصاف نبوت میں سے کوئی ہیں۔
۱۱	کافر ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہیں گے	بحث طلب ہے